© rasailojaraid.com



# گلدستۂ اخبار

—— خلیفہ قادیان اوائل جنوری سے بعارضہ کھانسی بیمار ہیں۔ (ناظرین دعا کریں)

—— سالانہ جلسہ قادیان پر ایک ہوائی جہاز آیا۔ خلیفہ صاحب اور ان کے دونوں بھائیوں نے اس میں بیٹھکر سیر کی۔

—— جلسہ مذکورہ پر موصوف نے تقریر کرتے ہوئے بیان کیا ہے کہ میں نے قادیان میں ایک نیا مکان قرض لیکر بنوایا ہے۔

—— وجہ یہ بتائی ہے کہ موجودہ مکان کے کمرے جلیخانے کے کمروں سے بھی تنگ ہیں۔ (تشبیہ معقول ہے)

—— معلوم ہوا ہے کہ قادیان کے مرزائی دفاتر کے کارکنوں کو تین تین ماہ سے تنخواہیں نہیں ملیں کیونکہ انجمن کے سالانہ بجٹ میں ۵۵ ہزار روپیہ کی کمی ہے:۔

—— دہلی کے قریب میں دس ہزار غریب آباد ہیں۔ میونسپلٹی نے ان کو اس جگہ کے چھوڑنے کا نوٹس دیا مگر وہ وہاں سے نہ گئے۔ اب کمیٹی نے ان کے پینے کا پانی بند کر دیا ہے۔

—— لاہور کے قریب ایک دریا میں جو خشک تھا ایک موٹر لاری پھنس گئی اس میں برات جا رہی تھی یکایک پانی کے آجانے سے سوائے چھ آدمیوں کے باقی سب غرق ہو گئے۔

## تصحیح

:۔ "مرقع" کے گذشتہ پرچہ میں صہ ۱۲ سطر ۲۰ و ۲۳ پر ۱۹۰۲ء و ۱۳۲۰ھ غلط لکھا گیا ہے۔ اصل میں ۱۹۰۶ء و ۱۳۲۴ھ ہے ناظرین درستی کر لیں:۔

**مرقع قادیانی** بابت ماہ جنوری دو یوم تاخیر سے پوسٹ کیا گیا۔ کیونکہ یکم و دوم جنوری کو ڈاکخانہ میں تعطیل تھی۔ دفتر ہذا کا قصور نہیں:۔

## ہر بہی خواہ کا اخلاقی فرض ہے

کہ وہ کوشش کر کے مرقع قادیانی کیلئے دو ایک خریدار ضرور پیدا کرے

© rasailojaraid.com